نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearh34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیر صدارت پنجاب سیڈ کارپوریشن کے 121ویں بورڈ اجلاس کا انعقاد۔سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی اور مینجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن فضل الرحمان سمیت دیگر بورڈ ممبران اور افسران کی شرکت۔

پنجاب سیڈ کارپوریشن کوالٹی سیڈ کی پیداوار میں اضافے کے لیے ریسرچ کے اداروں اور سائنسدانوں کی خدمات سے استفادہ کرے۔صوبائی وزیرزراعت سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور19 فروری2022: وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیر صدارت پنجاب سیڈ کارپوریشن کے 121ویں بورڈ اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں 120ویں بورڈ میٹنگ کے فیصلوں پر اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔صوبائی وزیرزراعت سید حسین جہانیاں گردیزی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب سیڈ کارپوریشن کسانوں کو معیاری اور سستا بیج فراہم کرنے میں بنیادی کردار ادا کر رہا ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ پنجاب سیڈ کارپوریشن کوالٹی سیڈ کی پیداوار میں اضافے کے لیے ریسرچ کے اداروں اور سائنسدانوں کی خدمات سے استفادہ کرے۔انھوں نے بورڈ ممبران کی منظوری سے پنجاب سیڈ کارپوریشن کو زرعی فارموں پر ہونے والے نقصانات کے باعث فارم مینیجرز پر ذمہ داری کا تعین کرنے کی ہدایت کی اور مینجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن کو پنجاب سیڈ کارپوریشن کی قبضہ کی ہوئی زمینوں کی واگزاری کے لئے جلد از جلد معاملات طے کرنے کے احکامات جاری کئے۔صوبائی وزیر نے کہا کہ مقامی سیڈ پر لگائی جانے والی 17 فیصد جی ایس ٹی کے معاملے پر وفاقی حکومت سے ٹیک اپ کیا جائے گا۔انھوں نیہیومن ریسورس مینجمنٹ کے شعبہ میں بہتری کے لیے بھرتی کی اجازت دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب سیڈ کارپوریشن اپنی زیرنگرانی کام کرنے والے تمام سیکشنز کے لیے کم سے کم اہداف اور سٹینڈرڈز متعین کرے تاکہ کارپوریشن میں کام کرنے والے محنتی و قابل ملازمین کو ہی بونسز اور ریوارڈز سے نوازا جاسکے۔سید حسین جہانیاں گردیزی نے مزید کہا کہ سیڈ کارپوریشن کو اپنی تمام پوسٹوں کو ریشنلیز کرنے کی ضرورت ہے تاکہ اہم خالی آسامیوں پر اہل افراد کی بھرتی کے عمل کو مکمل کیا جاسکے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی نے کہا کہ پنجاب سیڈ کارپوریشن ایک قابل عمل بزنس پلان بنا کر آئندہ بورڈ اجلاس میں پیش کرے۔انھوں نے کہا کہ پی ایس سی کے ملازمین مجوزہ تنخواہوں کے پیکج کے نفاذ کی بجائے موجودہ سلیری پیکج میں اضافے کے ذریعے اپنا مقصد حاصل کر سکتے ہیں۔سیکرٹری زراعت نے مزید کہا کہ سیڈ کارپوریشن اپنے موجود 3400 سیڈ بیگز کے اسٹاک کو مارکیٹ ریٹ پر فروخت کو یقینی بنائے مزید براں انھوں نے پی ایس سی کو دھان کی ہائبرڈ بیج کی تیاری کے لیے رائس انسٹیٹیوٹ کالہ شاہ کاکو کے ساتھ مفاہمت کی یادداشت کے معاہدے پر دستخط کرنے کی ہدایت کی۔قبل ازیں مینجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن فضل الرحمان نے مالی سال 22-2021 کے لیے گندم کے بیج کی فروخت،کوالٹی سیڈ کی پیداوار و تخم ریزی کے پروگرام،فصلات خریف کیلئے پروکیورمنٹ اور ربیع کے لیا فزائش کا سٹیٹس،خریف فصلات کے لیے سیل ریٹس و سیڈز کی فروخت پر لگائے جانے والے سیلز ٹیکس،آڈٹ رپورٹ،اہم خالی آسامیوں پر بھرتی اور سٹور کلرکس کی سیٹوں کی اپ گریڈیشن پر اجلاس کے شرکاء کو تفصیلی بریفنگ دی۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی، مینجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن فضل الرحمان، بورڈ ممبران جاوید قریشی، ملک آفتاب کھچی، آصف مجید، میڈم رابعہ سلطان سمیت پی اینڈ ڈی، سی اینڈ ڈبلیو اور فنانس کیا علیٰ افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆